
داؤد 1

COMIC BIBLE
SOCIETY

Published by the Comic Bible Society, LLC
Copyright © 2022

Kingstone Comics maintains copyright to this comic book as provided by United States copyright law.

Print and digital copies of this version may be freely distributed without penalty under a Creative Commons license.


خدااسرائیل کے لوگوں کا بادشاہ بننے کی خواہش رکھتا تھا۔
یہوواہ خدا چاہتا تھا کہ لوگ مدداور رہنمائی کے لئے اُس کی طرف دیکھیں۔


خُدا نے اُنہیں مصر سے نکالنے اور وعدہ کی سرزمین میں داخل کرنے کیلئے عظیم اور ناقابلِ یقین معجزات کئے۔


جب اُنہوں نے وعدہ کی گئی سرزمین میں سکونت اختیار کرلی تو خُدا نے اُن کے دشمنوں کے ہاتھوں سے اُنہیں چھڑانے کے لئے اُن کے اُوپر قاضی مقرر کیے۔



قضاۃ 2:16-17


خُدا جب کسی قاضی کو مقرر کرتا تو وہ اُس قاضی کے ساتھ ہوتا اور جب تک وہ قاضی زندہ رہتا، خُدا بنی اسرائیل کو اُنکے دشمنوں کے ہاتھ سے بچاتا۔
لیکن جب وہ قاضی مرجاتا تو لوگ اپنے باپ دادا سے بھی بڑھ کر بُرے کاموں کو کرنا شروع کر دیتے۔
1050 قبل مسیح میں خُدا نے سموئیل نام ایک قاضی کو برپا کیا۔ وہ لوگوں سے یوں مخاطب ہوا۔۔۔
اگر تم اپنے پورے دل سے خُدا کی طرف رجوع لاؤ اور اپنے آپ سے غیر قوم کے دیوتاوں کو دور کرو اور اپنے آپ کو خداوند کے سُپرد کر دو اور صرف اُسکی عبادت کرو تو وہ تمہیں فلستیوں کے ہاتھوں سے آزاد کروائے گا۔
سموئیل نے کئی دہائیوں تک بنی اسرائیل کی خدمت کی مگر جب وہ بزرگ ہو گیا تو اُس نے اپنے بیٹوں کو اسرائیل پر قاضی مقرر کیا۔
لیکن اُسکے بیٹے بدعنوان تھے اور اُس کی راہ پر نہ چلے۔
وہ نفع کے لالچ سے رشوت لیتے اور انصاف کا خون کر دیتے تھے۔


دیکھ تُو ضعیف ہے اور تیرے بیٹے تیری راہ پر نہیں چلتے۔
اب تُو کِسی کو ہمارا بادشاہ مُقرّر کر دے جو ہماری رہنمائی کرے۔۔
۔۔جیسا کہ اور قوموں کے ہیں۔
ہاں، ہمارے لئے ایک بادشاہ مقرر کر۔ تو زیادہ دیر تک ہماری رہنمائی نہیں کر سکتا۔
لوگوں کی یہ بات سموئیل کو بُری لگی اور سموئیل نے خداوند سے اُنکی درخواست کے بارے میں دُعا کی۔
”جو کُچھ یہ لوگ تجھ سے کہتے ہیں تو اُس کو مان کیونکہ اُنہوں نے تیری نہیں بلکہ میری حقارت کی ہے کہ مَیں اُن کا بادشاہ نہ رہُوں۔“
”جیسے کام وہ اُس دِن سے جب سے مَیں اُن کو مصر سے نِکال لایا آج تک کرتے آئے ہیں کہ مُجھے ترک کر کے اَور معبُودوں کی پرستش کرتے رہے ہیں وَیسا ہی وہ تُجھ سے کرتے ہیں۔“
”سو تُو اُن کی بات مان تَو بھی تُو سنجیدگی سے اُن کو خُوب جتا دے اور اُن کو بتا بھی دے کہ جو بادشاہ اُن پر سلطنت کرے گا اُس کا طرِیقہ کیسا ہوگا۔“


تم نہیں جانتے کہ تم کیا مانگ رہے ہو۔
اگر تم نے فیصلہ کیا ہے کہ خدا کے علاوہ کسی اور کو اپنا بادشاہ بناؤ۔
۔۔۔اُس کا طرِیقہ یہ ہوگا۔۔
وہ تُمہارے بیٹوں کو لے کر اپنے رتھوں کے لیئے اور اپنے رِسالہ میں نوکر رکھے گا۔
اور وہ اُن کو ہزار ہزار کے سردار اور پچاس پچاس کے جمعدار بنائے گا۔
اور بعض سے ہل جُتوائے گا اور فصل کٹوائے گا۔
اور تُمہاری بیٹیوں کو لے کر گندھن اور باورچن اور نان پز بنائے گا۔
اور تُمہارے کھیتوں اور تاکستانوں کا دسواں حِصّہ لے کر اپنے خوجوں اور خادِموں کو دے گا۔


اور تُم اُس دِن اُس بادشاہ کے سبب سے جِسے تُم نے اپنے لِئے چُنا ہوگا فریاد کروگے۔
۔۔۔پر اُس دِن خُداوند تُم کو جواب نہ دے گا۔
نہیں!
ہم تو بادشاہ چاہتے ہیں۔
تا کہ ہم بھی اَور سب قَوموں کی مانند ہوں اور ہمارا بادشاہ ہماری عدالت کرے اور ہمارے آگے آگے چلے اور ہماری طرف سے لڑائی کرے۔
اور سموئیل نے لوگوں کی سب باتیں سُنیں اور اُن کو خُداوند کے کانوں تک پُہنچایا۔
''تُو اُن کی بات مان اور اُن کے لِئے ایک بادشاہ مُقرّر کر۔''


وہاں ایک آدمی کھڑا تھا جس کا ایک بیٹا ساؤل تھا۔
ساول ایک خوبصورت شخص تھا اور ایسا قد آور تھا کہ لوگ اُس کے کندھے تک آتے تھے۔


اور ایک دن اُس کے باپ کے گدھے کھو گئے۔
سو ساؤل اور اُس کے باپ کے نوکروں میں سے ایک کوہستانی مُلک اور سلیسہ کی سرزمین سے ہوکر قریب کے ایک قصبے کو گئے پر وہ اُن کو نہ ملے۔


دیکھ اِس شہر میں ایک مَردِ خُدا ہے جِس کی بڑی عِزّت ہوتی ہے۔ جو کُچھ وہ کہتا ہے وہ سب ضرُور ہی پُورا ہوتا ہے۔
اُس شخص کے لِئے کیا لیتے جائیں؟ روٹیاں تو ہمارے توشہ دان کی ہو چکیں اور کوئی چیز ہمارے پاس ہے نہیں جسے ہم اُس مَردِ خُدا کی نذر کریں
ہمارے پاس ہے کیا؟


دیکھ پاؤ مِثقال چاندی میرے پاس ہے۔


غَیب بین یہاں ہے؟
دیکھو وہ تُمہارے سامنے ہی ہے۔
سو جلدی کرو؛ کیونکہ وہ آج ہی شہر میں آیا ہے۔ اِس لِئے کہ آج کے دِن اُونچے مقام میں لوگوں کی طرف سے قُربانی ہوتی ہے۔
وہ تُم کو پیشتر اُس سے کہ وہ اُونچے مقام میں کھانا کھانے جائے مِلے گا کیونکہ جب تک وہ نہ پُہنچے لوگ کھانا نہیں کھائیں گے اِس لِئے کہ وہ قُربانی کو برکت دیتا ہے۔


لیکن اِس سے ایک دن پیشتر خداوند نے سموئیل کو تیار کر دیا تھا۔۔۔
''کہ کل اِسی وقت مَیں ایک شخص کو بنیمین کے مُلک سے تیرے پاس بھیجُوں گا۔''
''تُو اُسے مَسح کرنا تا کہ وہ میری قوم اِسرائیل کا پیشوا ہو اور وہ میرے لوگوں کو فِلستیوں کے ہاتھ سے بچائے گا۔''
''کیونکہ مَیں نے اپنے لوگوں پر نظر کی ہے۔ اِس لِئے کہ اُن کی فریاد میرے پاس پہنچی ہے۔''
''دیکھ یہی وہ شخص ہے جِس کا ذِکر مَیں نے تجھ سے کِیا تھا۔ یہی میرے لوگوں پر حکومت کرے گا۔''
مُجھ کو ذرا بتا دے کہ غَیب بِین کا گھر کہاں ہے؟
وہ غَیب بِین مَیں ہی ہُوں۔



اور سموئیل نے خدا کی ہدایت کے مطابق کیا۔اور ساؤل کو بنی اسرائیل کے پہلے بادشاہ کے طور پر مسح کیا۔
سموئیل کے ساؤل کو مسح کرنے کے بعد اُس نے بنی اسرائیل میں سے ہر ایک کو اکٹھا کیا تا کہ وہ اپنی آخری بات کر سکے۔
میں نے وہ سب کچھ سن لیا جو تم نے مجھ سے کہا اور میں نے تم پر ایک بادشاہ مقرر کر دیا ہے۔
یہ بادشاہ اب تمہارا راہنما ہے۔
اگر تُم خُداوند سے ڈرتے اور اُس کی پرستش کرتے اور اُس کی بات مانتے رہو اور خُداوند کے حُکم سے سرکشی نہ کرو اور تُم اور وہ بادشاہ بھی جو تُم پر سلطنت کرتا ہے خُداوند اپنے خُدا کے پَیرو بنے رہو تو خَیر۔
پر اگر تُم خُداوند کی بات نہ مانو بلکہ خُداوند کے حُکم سے سرکشی کرو تو خُداوند کا ہاتھ تُمہارے خِلاف ہو گا جیسے وہ تُمہارے باپ دادا کے خِلاف ہوتا تھا۔
اپنی بات کے اختتام پر، سموئیل نے خُداوند سے عرض کی اور خُداوند کی طرف سے اُسی دِن بادل گرجا اور پانی برسا۔
تب سب لوگ خُداوند اور سموئیل سے نہایت ڈر گئے۔










1- سموئیل 8:10، 9-5:13



تُو نے کیا کِیا؟
جب مَیں نے دیکھا کہ لوگ میرے پاس سے اِدھر اُدھر ہو گئے اور تُو ٹھہرائے ہُوئے دِنوں کے اندر نہیں آیا اور فِلستی جمع ہو گئے ہیں۔
۔۔تو مَیں نے سوچا کہ فِلستی مُجھ پر آ پڑیں گے اور مَیں نے خُداوند کے کرم کے لِئے اب تک دُعا بھی نہیں کی ہے۔
اِس لِئے مَیں نے مجبور ہو کر سوختنی قُربانی گذرانی۔
تُو نے بیوقُوفی کی۔۔
تُو نے خُداوند اپنے خُدا کے حُکم کو جو اُس نے تُجھے دِیا نہیں مانا ورنہ خُداوند تیری سلطنت بنی اِسرائیل میں ہمیشہ تک قائم رکھتا۔
لیکن اب تیری سلطنت قائم نہ رہے گی۔
کیونکہ خُداوند نے ایک شخص کو جو اُس کے دِل کے مُطابِق ہے تلاش کر لیا ہے اور خُداوند نے اُسے اپنی قوم کا پیشوا ٹھہرایا ہے اِس لِئے کہ تُو نے وہ بات نہیں مانی جس کا حُکم خُداوند نے تُجھے دِیا تھا۔


اور اِسرائیل کے سارے مُلک میں کہیں لوہار نہیں مِلتا تھا کیونکہ فِلستیوں نے کہا تھا کہ عِبرانی لوگ اپنے لِئے تلواریں اور بھالے نہ بنانے پائیں۔
سو سب اِسرائیلی اپنی اپنی پھالی اور بھالے اور کُلہاڑی اور کُدال کو تیز کرانے کے لِئے فِلستیوں کے پاس جاتے تھے۔
لیکن ساؤل اور اُس کے بیٹے یُونتن کے پاس تو تلوار تھی۔
لیکن ایک دن، جب اُس کا باپ خیمہ میں تھا اور اِس خطرناک حالت کے بارے میں سوچ رہا تھا تو یونتن کو ایک خیال آیا۔
آ ہم اُدھر اُن نامختونوں کی چوکی کو چلیں۔ مُمکن ہے کہ خُداوند ہمارا کام بنا دے کیونکہ خُداوند کے لِئے بُہتوں یا تھوڑوں کے ذریعہ سے بچانے کی قید نہیں۔
جو کُچھ تیرے دِل میں ہے سو کر اور اُدھر چل۔ مَیں تو تیری مرضی کے مُطابِق تیرے ساتھ ہُوں۔


فلستیوں کی چوکی ایک چھوٹی راہگزر کی چٹان پر واقع تھی۔
ایک اعلیٰ مقام پر ہونے کی وجہ سے اُس پر غلبہ پانے کے لئے ایک فوج کی ضرورت تھی۔
ہم اُن لوگوں کے پاس اِس طرف جائیں گے اور اپنے کو اُن کو دِکھائیں گے۔ اگر وہ ہم سے یہ کہیں کہ ہمارے آنے تک ٹھہرو تو ہم اپنی جگہ چُپ چاپ کھڑے رہیں گے اور اُن کے پاس نہیں جائیں گے۔
پر اگر وہ یُوں کہیں کہ ہمارے پاس تو آؤ تو ہم چڑھ جائیں گے کیونکہ خُداوند نے اُن کو ہمارے ہاتھ میں کر دِیا اور یہ ہمارے لِئے نِشان ہوگا۔
مَیں تو تیری مرضی کے مُطابِق تیرے ساتھ ہُوں۔
دیکھو! یہ عبرانی اُن سُوراخوں میں سے جہاں وہ چھپ گئے تھے باہر نکل رہے ہیں۔
ہمارے پاس آؤ تو سہی۔ ہم تُم کو ایک سبق سکھا دیں گے۔






1- سموئیل 14-12:14




1- سموئیل 14:15-24


یہ شہد تو سونے سے بھی زیادہ اچھا لگ رہا ہے۔
اِس کو مت چھونا، ارے بے وقوف
اگر تم نے بادشاہ کے حکم کی خلاف ورزی کی تو اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھو گے۔
ہاں، شہد جس سے مجھے طاقت ملے گی اِس سے میں باقی دشمنوں تک پہنچوں گا۔
اس لڑائی کے بعد یہ دریافت ہوا کہ یونتن نے بلاوجہ کچھ شہد کھایا تھا۔ ساؤل اپنے حکم کو منسوخ کرنے کے لیے اپنے بیٹے کو پھانسی دینے کے لیے تیار تھا لیکن فوجیوں اور افسروں نے اُسے بچانے کے لئے مداخلت کی۔
کیا یُونتن مارا جائے جس نے اِسرائیل کو اَیسا بڑا چھٹکارا دیا ہے؟ کبھی نہیں!
اَیسا نہ ہو گا خُداوند کی حیات کی قَسم ہے کہ اُس کے سر کا ایک بال بھی زمین پر گرنے نہیں پائے گا کیونکہ اُس نے آج خُدا کے ساتھ ہو کر کام کیا ہے۔
اور سپاہی بادشاہ کو قائل کر سکے کہ وہ اپنے بیٹے کی جان بخشی کر دے۔




1- سموئیل 1:15-1:16


بَیت لحم شہر کے دروازہ پر، سموئیل نے یسی سے کہا کہ وہ اپنے بیٹوں کو میرے سامنے لا۔
یقیناً خُداوند کا ممسُوح یہاں اُسکے سامنے کھڑا ہوگا۔
''تُو اُس کے چہرہ اور اُس کے قد کی بُلندی کو نہ دیکھ اِس لئے کہ مَیں نے اُسے ناپسند کِیا ہے''
''خُداوند اِنسان کی مانند نظر نہیں کرتا۔''
اِنسان ظاہری صُورت کو دیکھتا ہے پر خُداوند دِل پر نظر کرتا ہے۔''
کیا تیرے سب لڑکے یہی ہیں؟
سب سے چھوٹا ابھی رہ گیا۔۔
۔۔لیکن وہ بھیڑ بکرِیاں چراتا ہے۔
اُسے بُلا بھیج کیونکہ جب تک وہ یہاں نہ آجائے ہم نہیں بَیٹھیں گے۔
لو، اب وہ بھی آ گیا۔
''اُٹھ اور اُسے مَسح کر کیونکہ وہ یہی ہے۔
تب سموئیل نے تیل کا سِینگ لِیا اور اُسے اُس کے بھائیوں کے درمیان مَسح کِیا اور خُداوند کی رُوح اُس دِن سے آگے کو داؤد پر زور سے نازِل ہوتی رہی۔




1- سموئیل 16:14-23


پھر فِلستِیوں نے جنگ کے لِئے اپنی فَوجیں جمع کِیں اور یہُوؔداہ کے شہر شوؔکہ میں خَیمہ زن ہُوئے۔
اور اِسرائیؔل کے لوگوں نے جمع ہوکر ایلہ کی وادی میں ڈیرے ڈالے۔
اورایک طرف کے پہاڑ پر فِلستی اور دُوسری طرف کے
پہاڑ پر بنی اِسرائیل کھڑے ہُوئے۔
جات کا جولیت جس کا قد نو فٹ تھا۔
اور اُس کی ڈھال کا وزن ایک سو پچیس پاؤنڈ تھا۔
اور اُس کے بھالے کی چھڑ ایسی تھی جیسے جُلاہے کا شہتیر
اور اُس کے نیزہ کا پھل چھ سَو مِثقال لوہے کا تھا۔
اور وہ نا قابلِ تسخیر دکھائی دیتا تھا۔
لیکن بنی اسرائیل کے دشمن ایک خفیہ ہتھیار لے کر آئے تھے۔




اور وہ ہر دن باہر آتا اور اسرائیلیوں کا مذاق اڑاتا اور اُن کو چیلنج کرتا۔
تُم نے آ کر جنگ کے لِئے کیوں صف آرائی کی؟
کیا مَیں فِلستی نہیں اور تُم ساؤل کے خادِم نہیں؟
سو اپنے لِئے کِسی شخص کو چُنو جو میرے پاس اُتر آئے۔ اگر وہ مُجھ سے لڑ سکے اور مُجھے قتل کر ڈالے تو ہم تُمہارے خادِم ہو جائیں گے پر اگر مَیں اُس پر غالِب آؤں اور اُسے قتل کر ڈالُوں تو تُم ہمارے خادِم ہو جانا اور ہماری خِدمت کرنا۔


داؤد کے باپ یسی نے داؤد کو اپنے بھائیوں کے لئے لشکر گاہ میں کھانا پہنچانے کے لئے بھیجا، تا کہ وہ اپنے بھائیوں کا حال دریافت کرے اور دیکھے کہ وہ کتنی دور ہیں۔
آج کے دن میں اسرائیل کے سورماؤں کو چیلنج کرتا ہوں۔ مجھے ایک آدمی دو تا کہ ہم آپس میں لڑیں۔
یہ نامختون فِلستی ہوتا کون ہے کہ وہ زِندہ خُدا کی فوجوں کی فضیحت کرے؟
لیکن اُس کے بڑے بھائی نے اُس کی باتوں کو جو وہ لوگوں سے کرتا تھا سُنا اور اُس کا غُصّہ داؤد پر بھڑکا۔
تُو یہاں کیوں آیا ہے اور وہ تھوڑی سی بھیڑ بکرِیاں تُو نے جنگل میں کِس کے پاس چھوڑِیں؟
مَیں تیرے گھمنڈ اور تیرے دِل کی شرارت سے واقِف ہُوں۔ تُو لڑائی دیکھنے آیا ہے۔
کیا اب میں بات بھی نہیں کر سکتا؟
جو شخص اِس فِلستی کو مار کر یہ ذلت اِسرائیل سے دُور کرے اُس سے کیا سلُوک کِیا جائے گا؟
اُسے بادشاہ بڑی دَولت سے نہال کرے گا اور اپنی بیٹی اُسے بیاہ دے گا۔




1- سموئیل 17:31-35


تیرے خادِم نے شیر اور رِیچھ دونوں کو جان سے مارا۔ سو یہ نامختُون فِلستی اُن میں سے ایک کی مانِند ہوگا اِس لِئے کہ اُس نے زِندہ خُدا کی فَوجوں کی فضِیحت کی ہے۔
خُداوند نے مُجھے شیر اور رِیچھ کے پنجہ سے بچایا۔ وُہی مُجھ کو اِس فِلستی کے ہاتھ سے بچائے گا۔
جا خُداوند تیرے ساتھ رہے۔
تب ساؤل نے داؤد کو اپنی زِرہ بھی پہنائی۔۔۔
مَیں اِن کو پہن کر چل نہیں سکتا کیونکہ مَیں نے اِن کو آزمایا نہیں ہے۔
داؤد رُکا اور اُس نے پانچ چِکنے چِکنے پتّھر اپنے واسطے اُس ندی سے چُن لئے تاکہ جولیت کا مقابلہ کرے۔
وہ غیر مسلح ہے!
اور وہ اُس دیو کا سامنا کر رہا تھا جو کہ خون کا پیاسا تھا...
یہ ضرور پاگل ہے۔۔۔
یا۔۔۔شاید کسی بہت ہی طاقتور خدا کی عبادت کرتا ہوگا۔




1- سموئیل 45-42:15


اور آج ہی کے دِن خُداوند تُجھ کو میرے ہاتھ میں کر دے گا اور مَیں تُجھ کو مار کر تیرا سر تُجھ پر سے اُتار لُوں گا۔
اور مَیں آج کے دِن فِلستیوں کے لشکر کی لاشیں ہوائی پرندوں اور زمین کے جنگلی جانوروں کو دُوں گا تا کہ دُنیا جان لے کہ اِسرائیل میں ایک خُدا ہے۔
اور یہ ساری جماعت جان لے کہ خُداوند تلوار اور بھالے کے ذرِیعہ سے نہیں بچاتا اِس لِئے کہ جنگ تو خُداوند کی ہے اور وُہی تُم کو ہمارے ہاتھ میں کر دے گا۔
وہ فِلستی اُٹھا اور بڑھ کر داؤد کے مُقابلہ کے لِئے نزدیک آیا تو داؤد اُس فِلستی سے مُقابلہ کرنے کو دَوڑا۔





1- سموئیل 48:17




1- سموئیل 49:17


داوٗد نے کر دکھایا!
ہاں!!!
اُس نے ناممکن کو ممکن کر دکھایا۔
اُس نے اُس دیو کو مار ڈالا!


اور فِلستیوں نے جو دیکھا کہ اُن کا پہلوان مارا گیا تو وہ بھاگے۔ تب اِسرائیلؔ اور یہوؔداہ کے لوگ اُٹھے اور للکار کر اُن کے شہر کے پھاٹکوں تک فِلستیوں کے پیچھے گئے۔
تب بنی اِسرائیل نے فِلستیوں کے خیموں کو لُوٹا۔
اور داؤدؔ اُس فِلستی کا سر لے کر اُسے یروشلیم میں لایا اور اُس کے ہتھیاروں کو اُس نے اپنے ڈیرے میں رکھ دِیا۔


داؤد سب سے عظیم ہے!!
داؤد نے دیو کو مارا!
ہاں داؤد عظیم ہے
ایک عظیم جنگجو ہمارے درمیان برپا ہوا ہے!
خدا یقیناً ہمارے ساتھ ہے!
اب ہم اپنی تمام جنگیں جیت جائیں گے!


جاتی جولیت کو مار کر تم سب کی توجہ کا مرکز بن گئے ہو،
بادشاہ تم سے بات کرنا چاہتے ہیں، اے لڑکے۔


میں جاننا چاہتا ہوں اَے جوان تُو کِس کا بیٹا ہے؟
مَیں تیرے خادِم بَیت لحمی یسّی کا بیٹا ہُوں۔


کیاتم نے سنا؟ ایک لڑکے نے جاتی جولیت کو مار ڈالا!
کیا یہ واقعی سچ ہے جو ابھی محض ایک لڑکا ہے۔
وہ کون ہے؟!
داؤد۔ بیت لحم کا داؤد۔
داؤد کی کہانی اور اُس کی ناقابل یقین فتح اسرائیل کے تمام ملک اور قصبوں میں جنگل کی آگ کی طرح پھیل گئی۔


داؤد کی مقبولیت اور شہرت بہت بڑھ گئی۔
یہ اُس دیو کو مارنے والا ہے!
ایک آدمی جو یہوواہ کی طرف سے خوش اور بابرکت ہے۔
وہ کتنا خوبصورت ہے!
طاقتور اور بہادر!


آپ کے پاس شاہی محل میں کوئی جگہ ہے۔
ساول بادشاہ داؤد کو اپنے گھر لے آیا اور پھر اُسے اُس کے باپ کے گھر جانے نہ دیا۔

"THE BIBLE EXPLAINED IN EVERY LANGUAGE."













**SUPERBIBLE.TV**